اَلتَّكۡوِير

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إِذَا الشَّمۡسُ كُوِّرَتۡ ۝١	جب سورج لپیٹ دیا جائے گا۔
وَإِذَا النُّجُومُ انۡكَدَرَتۡ ۝٢	اور جب تارے بے نور ہو جائیں گے۔
وَإِذَا الۡجِبَالُ سُيِّرَتۡ ۝٣	اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے۔
وَإِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ ۝٤	اور جب حاملہ اونٹنیاں چھوڑ دی جائینگی۔
وَإِذَا الۡوُحُوشُ حُشِرَتۡ ۝٥	اور جب وحشی جانور جمع کئے جائیں گے۔
وَإِذَا الۡبِحَارُ سُجِّرَتۡ ۝٦	اور جب سمندر آگ ہو جائیں گے۔
وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتۡ ۝٧	اور جب (روحیں) جسموں سے ملا دی جائینگی۔

وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۙ ﴿۸﴾	اور جب اس بچی سے جو زندہ دفنا دی گئی ہو پوچھا جائے گا۔
بِاَیِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۚ ﴿۹﴾	کہ کس گناہ کے سبب وہ قتل کر دی گئی تھی۔
وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۙ ﴿۱۰﴾	اور جب اعمال کے دفتر کھولے جائیں گے۔
وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۙ ﴿۱۱﴾	اور جب آسمان کا پردہ ہٹا دیا جائے گا۔
وَاِذَا الْجَحِیْمُ سُعِّرَتْ ۙ ﴿۱۲﴾	اور جب دوزخ کی آگ بھڑکائی جائے گی۔
وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۙ ﴿۱۳﴾	اور جب بہشت قریب لائی جائے گی۔
عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّاۤ اَحْضَرَتْ ؕ ﴿۱۴﴾	تب معلوم کر لے گا ہر شخص کہ کیا وہ لے کر آیا ہے۔
فَلَاۤ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۙ ﴿۱۵﴾	نہیں پس۔ میں قسم کھاتا ہوں ان ستاروں کی جو پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔
الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۙ ﴿۱۶﴾	جو چلتے ہیں اور غائب ہو جاتے ہیں۔
وَالَّیْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۙ ﴿۱۷﴾	اور رات (کی قسم) جب وہ پھیلنے لگتی ہے۔

وَالصُّبۡحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۙ ﴿۱۸﴾	اور صبح (کی قسم) جب وہ سانس لیتی ہے۔
اِنَّهٗ لَقَوۡلُ رَسُوۡلٍ كَرِيۡمٍ ۙ ﴿۱۹﴾	بیشک یہ (قرآن) سنایا ہوا پیغام ہے فرشتہ عالی مقام کا۔
ذِىۡ قُوَّةٍ عِنۡدَ ذِى الۡعَرۡشِ مَكِيۡنٍ ۙ ﴿۲۰﴾	جو صاحب قوت ہے مالک عرش کے ہاں اونچے درجے والا ہے۔
مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيۡنٍ ؕ ﴿۲۱﴾	سردار ہے ساتھ ہی امانتدار ہے۔
وَمَا صَاحِبُكُمۡ بِمَجۡنُوۡنٍ ۚ ﴿۲۲﴾	اور (مکے والو) نہیں ہے تمہارا رفیق (پیغمبر ﷺ) دیوانہ۔
وَلَقَدۡ رَاٰهُ بِالۡاُفُقِ الۡمُبِيۡنِ ۚ ﴿۲۳﴾	اور بیشک اس نے دیکھا ہے اس (فرشتے) کو آسمان کے کھلے کنارے پر۔
وَمَا هُوَ عَلَى الۡغَيۡبِ بِضَنِيۡنٍ ۚ ﴿۲۴﴾	اور نہیں وہ غیب کی باتوں (کے ظاہر کرنے) میں بخیل۔
وَمَا هُوَ بِقَوۡلِ شَيۡطٰنٍ رَّجِيۡمٍ ۙ ﴿۲۵﴾	اور نہیں ہے یہ کلام کسی شیطان مردود کا۔
فَاَيۡنَ تَذۡهَبُوۡنَ ؕ ﴿۲۶﴾	پھر کدھر تم چلے جارہے ہو۔

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۙ ٢٧	نہیں ہے یہ (قرآن) مگر نصیحت تمام اہل جہاں کے لئے ۔
لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ؕ ٢٨	ہر اس کے لئے جو چاہے تم میں سے سیدھی راہ چلنا ۔
وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ؑ ٢٩	اور نہیں چاہ سکتے تم مگر یہ کہ چاہے اللہ رب العالمین ۔